ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(621)

مورخہ 22.11.2023

# بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات ، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 06 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب ،منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ صدر احمد پور شرقیہ پولیس نے 01 ملزم ریاض کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 52 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ اوچشریف،تھانہ خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے 03 ملزمان شاہد علی، اختر اور وقاص احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 کلو 20 گرام چرس اور 01 کلو 600 گرام افیون برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ سول لائینز اور تھانہ اوچشریف پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 02 ملزمان نوید مجید اور محمد علی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 عدد ریوالور 32 بور اور 01 عدد پسٹل 12 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب، منشیات کے ساتھ ساتھ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب ،منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (622)

مورخہ 22.11.23

**بہاولپور(      )وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھرمیں 18سال سے کم عمر موٹرسائیکل اور گاڑی چلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری۔متعدد کم عمر لڑکے گرفتار، چالان اور جرمانے بھی کئے جاچکے۔"اپنے بچوں کو مجرم بننے سے بچائیں "قانون کی پاسداری ہم سب پر فرض ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات پر ضلع بھرمیں 18 سال سے کم عمر موٹرسائیکل وگاڑی چلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔ بہاولپور پولیس نے جاری مہم میں اب تک 37 کم عمر نوجوانوں کو گرفتار کرکے مقدمات درج کر لئے جبکہ 337 نوجوانوں کے چالان اور 1,13,100 روپے جرمانے کئے جاچکے ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس متعلق تمام شہریوں کو اطلاع دی جاچکی ہے کہ وزیراعلی پنجاب کے حکم پر کم عمر موٹرسائیکل چلانے والے اور گاڑی چلانے والے نوجوانوں کو گرفتار کیا جارہا ہے اور فوری ایف آئی آر بھی درج کی جارہی ہے۔شہریوں سے گزارش ہے کہ پریشانی سے بچیں اپنے کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل اور گاڑی استعمال نہ کرنے دیں۔انہوں نے مزید کہا کہ قانون کی پاسداری ہم سب پر فرض ہے۔جاری کردہ احکامات پر عمل درآمد کرکے ہم بہت سی قیمتی جانوں کو ضائع ہونے سے بچاسکتے ہیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنرل پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھرمیں 18 سال سے کم عمر موٹرسائیکل اور گاڑی چلانے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری